ففوسل فیول سے مراد تیل، قدرتی گیس اور کوئلہ ہے جو لاکھوں سالوں میں مردہ جانوروں اور پودوں کی باقیات سے بنتے ہیں (انکے جلانے سے کاربن ڈائی آکسائڈ پیدا ہوتا ہے، جو کہ گرین ہاؤس گیس ہے)



# Freecycle

## فری سائیکل

It refers to exchanging goods to extend their lifecycle and keep reusable items out of landfills

اس سے مراد سامان کا تبادلہ ہے تاکہ ان کا دورانیہ حیات بڑھایا جا سکے اور دوبارہ قابل استعمال اشیاء کو لینڈ فل (landfill) سے دور رکھا جا سکے



# GLOF (Glacial Lake Outburst Floods)

## گلوف

A GLOF is a flood caused by the outburst of lakes formed in or around glaciers due to their rapid melting. It is considered a climate-induced disaster

گلوف ایک سیلاب ہے جو glaciers میں یا اس کے آس پاس بننے والی جھیلوں کے تیزی سے پگھلنے کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ اسے موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے پیدا ہونے والی آفت سمجھا جاتا ہے

# Green Peace

## گرین پیس تنظیم

Greenpeace is an organisation that fights for the protection of the environment. WWF, IUCN and other UN organisation are also working for it

گرین پیس ایک ایسی تنظیم ہے جو ماحولیات کے تحفظ کے لیے لڑتی ہے۔ WWF اور
IUCN کے علاوہ UN کی اجنسیاں بھی اس طرح کے کام کرتیں ہیں

# Greenhouse Gases

## گرین ہاؤس گیسیں

Greenhouse gases are gases in Earth's atmosphere that trap heat. They allow sunlight to pass through the atmosphere but prevent the heat that the sunlight brings from leaving the atmosphere. The main greenhouse gases are water vapor, carbon dioxide, methane, fluorinated gases, and nitrous oxide. Naturally, greenhouse gases are essential in forming a blanket around the atmosphere that maintains its temperature. However, due to anthropogenic activities and excessive use of fossil fuels, their concentration has been increasing since the industrial revolution

گرین ہاؤس گیسیں زمین کے ماحول میں ایسی گیسیں ہیں جو گرمی پیدا کرنے کا سبب بنتی ہیں۔ وہ سورج کی شواؤں کو زمین سے واپس جانے سے روکتی ہیں اور زمین کے درجہ حرات کو برقرار رکھتی ہیں ۔ گرین ہاؤس گیسوں میں آبی بخارات، کاربن ڈائی آکسائیڈ، methane، فلورینیٹڈ گیسیں، اور نائٹرس آکسائیڈ شامل ہیں۔ قدرتی طور پر، گرین ہاؤس گیسیں فضا کا درجہ حرارت برقرار رکھتی ہے۔تاہم، انسانی سرگرمیوں اور ایندھن کے ضرورت سے زیادہ استعمال کی وجہ سے، صنعتی انقلاب کے بعد سے اس کی مقدار میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے

Greenhouse Gases are often represented by carbon dioxide concentration in the atmosphere because the other GHGs are in lower concentrations compared to carbon dioxide

کاربن ڈائی آکسائیڈ کی موجودگی کو گرین ہاؤس گیس کی موجودگی کی علامت کے طور پر لیا جاتا ہے. کیونکہ دیگر گرین ہاؤس گیسیں کاربن ڈائی آکسائیڈ کے مقابلے میں کم مقدار میں موجود ہیں

Emission of carbon dioxide and other greenhouse gases (methane, nitrous oxide) result from the burning of fossil fuels (anthropogenic)

کاربن ڈائی آکسائڈ اور دیگر گرین ہاؤس گیسوں (نائٹرس آکسائیڈ کے بخارات) کا اخراج حیاتیاتی ایندھن کے جلنے سے ہوتا ہے

# Greenwashing

## گرین واشنگ

It refers to making misleading claims about products and services, such as presenting recycling as a comprehensive solution to solid waste, particularly plastic, or using PR tactics to showcase how companies are contributing to the well-being of the planet. This can mislead consumers into making incorrect choices when seeking to purchase ethical products

اس سے مراد مصنوعات اور کمپنیوں کی خدمات کے بارے میں ماحول دوست دعوے کرنا ہے، جیسے کہ recycling کو کچرے، خاص طور پر پلاسٹک کے جامع حل کے طور پر پیش کرنا، یا یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ کمپنیاں کس طرح ماحول کی بھلائی میں حصہ ڈال رہی ہیں، PR کے حربے استعمال کرنا۔ یہ صارفین کو اخلاقی خریداری کی کوشش کرتے وقت غلط انتخاب کرنے کا سبب بن سکتی ہیں

# Grey Water

## گرے واٹر

Water that has been utilised in residential, commercial, and industrial settings is referred to as grey water. It is relatively cleaner than wastewater as a whole and is generated from activities such as bathing, laundry and doing dishes. Compared to greywater, toilet waste, for example, is referred to as black water and is considered to be more contaminated

گرے واٹر وہ پانی ہے جو رہائشی، تجارتی اور صنعتی ماحول میں استعمال ہوتا ہے۔ یہ مجموعی طور پر گندے پانی کی نسبت صاف ہوتا ہے اور نہانے، کپڑے اور برتن دھونے جیسی سرگرمیوں سے پیدا ہوتا ہے۔ گرے واٹر کے مقابلے میں ٹوائلٹ کے فضلے کو کالا پانی کہا جاتا ہے اور اسے زیادہ آلودہ سمجھا جاتا ہے

# Habitat

مسکن یا رہائش گاہ

The place or environment where a plant or animal naturally or normally lives and grows

وہ جگہ یا ماحول جہاں کوئی پودا یا جانور قدرتی طور پر یا عام طور پر رہتا ہے اور پھلتا پھولتا ہے

# Heat Wave

## گرمی کی لہر

Heat waves are periods of abnormally hotter days and warmer nights in comparison to the more normal temperature days throughout the summer. Local climate conditions influence them and are often accompanied by high humidity. The duration and intensity of a heat wave can vary from a few days to several weeks. This can pose health risks to vulnerable populations and requires adaptive measures to be put in place both at the individual and infrastructure levels e.g., planting more trees and making well-ventilated rooms

یہ موسم گرما میں غیر معمولی طور پر زیادہ گرم دن اور گرم راتوں کے ادوار ہیں۔ گرمی کی لہر کا دورانیہ اور شدت چند دنوں سے لے کر کئی ہفتوں پر محیط ہو سکتی ہے۔ اس سے پسماندہ آبادیوں کو صحت کے خطرات لاحق ہو سکتے ہیں اور اس کے لیے کچھ بنیادی حکمت عملی اور تیاری کی ضرورت ہے مثلاً، زیادہ درخت لگانا، کھلے اور ہوادار کمرے بنانا

# Hurricane

آندھی

A storm of violent winds. Tropical cyclones or typhoons are powerful storm systems that form over warm oceans and are therefore influenced by climatic conditions. Hurricanes are a natural weather pattern, but there is growing evidence that their characteristics are changing with climatic changes

اس سے مراد گرم سمندروں کے اوپر بننے والا شدید طوفان ہے جسکی وجہ سے ساحلی علاقوں میں رہنے والے کمیونٹیز کو بہت نقصان ہوتا ہے- یہ سمندری طوفان قدرتی طور پر بھی ہوتے ہیں مگر موسمیاتی تبدیلی سے اثر انداز ہو سکتے ہیں

# Incineration/ Incinerators

## (کچرے کو) جلانے کا عمل

Incineration is the process of burning hazardous materials at temperatures high enough to destroy contaminants. Incineration is conducted in an "incinerator," which is a type of furnace designed for burning hazardous materials in a combustion chamber. Most hazardous waste incinerators are operated at 980-1200 degree centigrade to ensure nearly complete destruction of the organics in the waste

یہ مضر کچرے کو تباہ کرنے کے لیے کافی زیادہ درجہ حرارت پر ان عناصر کو جلانے کا عمل ہے۔ جلانے کا عمل ایک incinerator میں کیا جاتا ہے، یہ ایک خاص قسم کی مشین ہے جس میں بہت زیادہ درجہ حرات پر زہریلے کچرے کو جلایا جاتا ہے سب سے زیادہ خطرناک کچرے کو جلانے والے مشین 980-1200 سینٹی گریڈ پر جلائے جاتے ہیں تاکہ کچرے میں موجود آرگینک کی مکمل تباہی کو یقینی بنایا جا سکے

# Indigenous

مقامی

refers to the natural species or native peoples who have inhabited a particular land long before individuals from outside the region arrived. It encompasses the knowledge and information held by these native communities, which is crucial for nature-based solutions and climate adaptation.

اس سے مراد مقامی لوگ اور قدرتی طور پر پائے جانے والے جاندار ہیں جو باہر کے افراد کے آنے سے بہت پہلے کسی خاص سرزمین پر آباد ہوتے ہیں۔ ان مقامی کمیونٹیز کے پاس موجود علم اور معلومات فطرت کے ساتھ ہم آہنگی کی بنیاد پر حاصل کئے جاتے ہیں. یہی وجہ ہے کے کچھ مقامی لوگ ہزار سالوں سے ایک جگہ کے مکین ہوتے ہیں.



# Kitchen Garden

گھریلو(کچن)باغبانی

A kitchen garden involves growing fruits and vegetables in the backyard of a house, utilizing kitchen greywater. More recently, it has also come to include food grown in any available spaces and pots in and around the kitchen

کچن گارڈن گھر کے چھوٹے صحن میں کچن کے گندے پانی کو استعمال کر کے پھلوں اور سبزیوں کو اگانا ہے۔ مگر حالیہ سالوں میں اس سے مراد یہ بھی ہے کہ باورچی خانے کے آس پاس جو بھی خالی جگہیں اور سانچے ہیں انھیں خوراک اگانے کے لئے استعمال کرنا



# La-nina

لا-نینا

literally meaning little girl in spanish, is a pattern in the pacific ocean that can affect weather worldwide. La Niña has the opposite effect of El Niño. During La Niña events, trade winds are even stronger than usual, pushing more warm water toward Asia. Similar to El Niño, La Niña influences atmospheric circulation patterns, causing shifts in weather systems worldwide. It typically brings above-average rainfall to the western Pacific and Southeast Asia, while reducing precipitation in the central and eastern Pacific regions.

لا-نینا ہسپانوی میں چھوٹی لڑکی کو کہتے ہیں. لانینا کا ایل نینو کے برعکس اثر ہے. لانینا کے واقعات کے دوران، ہوائیں معمول سے کہیں زیادہ تیز ہوتی ہیں، جو ایشیا کی طرف زیادہ گرم پانی کو دھکیلتی ہیں۔ ایل نینو کی طرح، لانینا بھی دنیا بھر میں موسمیاتی تبدیلی پر اثر کر سکتی ہے۔ یہ عام طور پر مغربی بحرالکاہل اور جنوب مشرقی ایشیا میں اوسط سے زیادہ بارش کا سبب بنتا ہے، جبکہ وسطی اور مشرقی بحرالکاہل کے علاقوں میں بارش کو کم کرتا ہے۔

# Lagoon

لگون

These are shallow bodies of water separated from a larger body of water like the ocean by barrier islands, sandbars, coral reefs, or other natural barriers

لگون سے مراد پانی کا چھوٹا تالاب ہے جو پانی کے بڑے ذرائع، جیسے سمندر میں رکاوٹ والے جزائر، چٹانوں یا دیگر قدرتی رکاوٹوں کی وجہ سے الگ ہوتا ہے

# Landfill sites

کوڑے کے مناسب انتظام کے لئے زمین میں کھودی گئی جگہ /لینڈ فل سائٹ

It is an engineered site for the safe disposal of waste material, featuring proper lining, a mechanism for leachate collection, and aquifer monitoring. In Pakistan, most dump sites are not engineered like landfills. The waste is openly dumped, leading to the release of germs and toxins that can become part of the environment. Consequently, these sites contribute to the spread of diseases

سائنسی اور محفوظ طریقے سے کوڑے اور فضلے کو پھینکنا- زمین میں کھودی گئی جگہ میں لائننگ بھی کی جاتی ہے تاکہ کچرے والی زہریلی پانی یعنی leachate کو جمع کیا جاسکے اور زمین میں موجود پانی کو محفوظ رکھا جاسکے- پاکستان میں زیادہ تر کچرا پھینکنے کی جگہیں لینڈ فلز کی طرح انجنیئرڈ نہیں ہیں، یعنی کوڑا اور فضلہ کھلے عام پھینکا جاتا ہے، جس کے نتیجے میں خارج ہونے والے جراثیم اور زہریلا مواد ماحول کا حصہ بن سکتے ہیں۔ اسی لئے یہ بیماریوں کے پھیلاؤ کے ذمہ دار ہیں

# Landslide

لینڈ سلائیڈ

A mass of earth, rock, etc., that falls down the slope of a mountain or a cliff

لینڈ سلائیڈ زمین، چٹان وغیرہ کا پہاڑ یا چٹان کی ڈھلوان سے نیچے گرنا ہے

# Leaching

لی چنگ (عمودی رساؤ)

Removal of soluble materials from one zone in the soil to another via water movement in the profile. The liquid that is received at the bottom is called leachate. e.g. leachate of a landfill

اس سے مراد مٹی کی ایک تہہ سے دوسری تہہ میں پانی میں حل ہونے والے یا موجود مضر عناصر کی
نقل و حرکت ہے، جیسے ایک لینڈ فل کی leachate



# Light Pollution

روشنی کی آلودگی

Brightening of the night sky caused by street lights and other man-made sources, which has a disruptive effect on natural cycles and inhibits the observation of stars and planets

اس سے مراد سٹریٹ لائٹس اور انسان کے بنائے ہوئے دیگر ذرائع کی وجہ سے رات کے آسمان کا روشن ہونا ہے، جس کا قدرتی نظام زندگی پر اثر پڑتا ہے اور یہ ستاروں اور سیاروں کے مشاہدے کو روکتا ہے





# Marshes

دلدل کی ایک قسم

It is a type of wetland and refers to an area of land where water covers the ground for long periods of time. Unlike swamps, which are dominated by trees, marshes are usually treeless and dominated by grasses and other herbaceous plants

یہ ایسی زمین ہے جہاں پانی طویل عرصے تک زمین کو ڈھانپتا ہے۔ ان پر عام طور پر درخت نہیں ہوتے بلکہ گھاس اور دیگر جڑی بوٹیوں والے پودوں کا غلبہ ہوتا ہے



# Mitigation

تخفیف/شدت یانقصان میں کمی کرنا

It is the reduction of something harmful or the reduction of its harmful effects. Climate mitigation refers to actions that can be taken to reduce carbon emissions, such as transitioning to solar and hydropower (renewable energy). It involves reducing the flow of heat-trapping greenhouse gases into the atmosphere, either by reducing the sources of these gases or enhancing the 'sinks' that accumulate and store these gases, such as forests, oceans, and soil

اس سے مراد کسی نقصان دہ چیز کی کمی یااس کے مضر اثرات میں کمی کرنا ہے۔ موسمیاتی تخفیف سے مراد وہ اقدامات ہیں جو کاربن کے اخراج کو کم کرنے کے لیے اٹھائے جا سکتے ہیں، جیسے آبی اور شمسی توانائی میں منتقلی۔ اس میں یاتو ان گیسوں کے ذرائع کو کم کر کے یاان گیسوں کو ذخیرہ کرنے والے ذرائع جیسے جنگل، سمندر اور مٹی کو بڑھا کر ماحول میں گرمی پیدا کرنے والی گرین ہاؤس گیسوں کے مقدار کو کم کرنا شامل ہے

# Nature based solution (NbS)

## فطرت کے ساتھ ہم آہنگی پر مبنی حل

Nature-based solutions (NbS) are approaches that work with nature to solve environmental problems and benefit both people and the planet. Nature-based solutions are actions to protect, sustainably manage, or restore natural ecosystems, that address societal challenges such as climate change, human health, food and water security, and disaster risk reduction effectively and adaptively, simultaneously providing human well-being and biodiversity benefits.Examples of NbS include planting trees, creating parks and gardens in cities, and taking care of the oceans and coastlines. These solutions bring many benefits and involve cooperation between different groups of people, like governments, communities, and organizations.

فطرت کے ساتھ ہم آہنگی پر مبنی ماحولیاتی اور موسمیاتی مسائل کے حل کو (NbS) کہہ سکتے ہیں- یہ قدرتی ماحول کی بہتری اور اس میں رہنے والے چرند پرند، حیوانات، اور انسانوں کے لئے بہتری کی عکاس ہے. NbS کی مثالوں میں درخت لگانا، شہروں میں پارکس اور باغات بنانا، اور سمندروں اور ساحلوں کی دیکھ بھال کرنا شامل ہیں۔ یہ حل بہت سے فوائد لاتے ہیں اور لوگوں کے مختلف گروہوں، جیسے حکومتوں، برادریوں اور تنظیموں کے درمیان تعاون کو بہتر بناتے ہیں.

# Nitrogen oxides (NOx)

## نائٹروجن آکسائیڈز

Nitrogen oxides (NOx) act as indirect greenhouse gases, also responsible for acid rain. NOx is used to describe two gases. One is nitric oxide (NO), which is a colourless, odourless gas and the other is nitrogen dioxide (NO2), which is a reddish-brown gas with a pungent odour. Nitric oxide reacts with oxygene or ozone in the air to form nitrogen dioxide

یہ نائٹروجن کے آکسائیڈز (NOx) بالواسطہ گرین ہاؤس گیسوں کے طور پر کام کرتی ہیں، اور تیزابی بارش کا سبب بھی ہوتی ہیں- NOx کو دو گیسوں کو بیان کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک نائٹرک آکسائیڈ (NO) ہے، جو کہ ایک بے رنگ و بو گیس ہے اور دوسری نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ (NO2) ہے، جو کہ تیز بو کے ساتھ بھوری گیس ہے۔ نائٹرک آکسائیڈ ہوا میں آکسیجن یا اوزون کے ساتھ رد عمل ظاہر کر کے نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ بناتی ہے

# Noise Pollution

## شور کی آلودگی

Noise pollution refers to excessive or disturbing sounds that have a negative impact on human health, well-being, or the environment. It can include noises from various sources, such as traffic, construction, industrial activities, and loud music, which can cause annoyance, sleep disturbances, and other health issues

شور کی آلودگی سے مراد ضرورت سے زیادہ یا پریشان کن آوازیں ہیں جو انسانی صحت، تندرستی یا ماحول پر منفی اثرات مرتب کرتی ہیں۔ اس میں مختلف ذرائع سے آوازیں شامل ہو سکتی ہیں، جیسے ٹریفک، تعمیراتی سرگرمیاں، اور اونچی آواز میں موسیقی، جو جھنجھلاہٹ، نیند میں خلل اور صحت کے دیگر مسائل کا سبب بن سکتی ہے

# Non-biodegradable

ناقابلِ تحلیل

Substances or objects that can't or are difficult to be broken down by the action of living organisms or bacteria. e.g. plastic

وہ اشیاء جنہیں جانداروں یا بیکٹیریا کے عمل سے توڑا نہیں جا سکتا یا یا انکے گلنے کا عمل مشکل ہے۔ جیسے پلاسٹک

# Non-point sources

ماخذ کا اندازہ نہ ہونا

Also referred to as "Area Sources," this category represents numerous facilities or activities that individually release small amounts of a given pollutant but collectively can result in significant amounts of emissions

اجتماعی طور پر نمایاں مقدار میں آلودگی کا اخراج جو کئی چھوٹے چھوٹے ذرائع سے خارج ہوا ہو مگر انفرادی طور پر آلودگی کی تھوڑی مقدار خارج کرتا ہو، لہذا یہ ایک ہی ذریعہ کی آلودگی نہیں ہے

# Oil spill

تیل کا حادثہ

It refers to accidents on land and in the ocean resulting to release of large amounts of oil e.g. exxon valdez oil spill

اس سے مراد زمین اور سمندر میں ہونے والے حادثات ہیں جن کے نتیجے میں بڑی مقدار میں تیل ماحول میں شامل ہوتا ہے، جیسے Exxon Valdez تیل کا حادثہ

Oil Slick: خام تیل کی تہ

A layer of oil that is floating over a large area of the surface of the sea, usually because an accident has caused it to escape from a ship or container

آئل سِلک سمندر کی سطح پر تیل کا ایک وسیع و عریض پھیلاؤ ہے، جو عام طور پر کسی حادثے کے نتیجے میں ہوتا ہے جس کی وجہ سے کسی بحری جہاز یا کنٹینر سے اس کا اخراج ہوتا ہے

# Organic Products

## ماحول دوست مصنوعات

Organic product is made from materials produced through organic agriculture, such as organic food and organic clothing. Organic foods are crops that are produced without the use of synthetic pesticides, fertilizers, or other genetically modified components

ماحول دوست (organic) مصنوعات, organic زراعت کے ذرائع سے حاصل کی جاتی ہیں، مثال کے طور پر خوراک اور لباس- ماحول دوست فصل مصنوعی کیڑے مار ادویات، کھاد یا دیگر جینیاتی طور پر تبدیل شدہ اجزاء استعمال کیے بغیر تیار کی جاتی ہیں



# Overpopulation

بہت زیادہ آبادی

Overpopulation refers to a country or city, having too many people as compared to the amount of food, materials, and space available there

ایک ملک یا شہر جس میں خوراک، اشیا اور جگہ کی دستیابی کے مقابلے میں بہت زیادہ لوگ ہوتے ہیں



# Particulate matter

## ذرات کی آلودگی

Particle pollution, also called particulate matter (PM) is made up of particles (tiny pieces) of solids or liquids that are in the air. These particles may include dust, dirt, and Soot. Those with a diameter of 10 microns or less (PM10) are inhalable into the lungs and can induce adverse health effects. Fine particulate matter is defined as particles that are 2.5 microns or less in diameter (PM2.5)

ذرات کی آلودگی، ہوا میں موجود ٹھوس یا مائعات کے چھوٹے چھوٹے ذرات سے بنا ہوتا ہے۔ ان ذرات میں دھول، مٹی اور دھواں شامل ہوتا ہے۔ 10 مائکرون یا اس سے چھوٹے (PM10) کی پیمائش والے چھوٹے ذرات ہمارے پھیپھڑوں میں جا کر ہماری صحت کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ باریک ذرات وہ ذرات ہیں جن کی پیمائش 2.5 مائکرون یا اس سے چھوٹے (PM2.5) کے طور پر کی جاتی ہے

# Permafrost

پرمافراسٹ

A permanently frozen layer on or under Earth's surface. It consists of soil, gravel, and sand, usually bound together by ice

پرمافراسٹ زمین کی سطح پر یا اس کے نیچے مستقل طور پر جمی ہوئی تہہ ہے۔ یہ مٹی، بجری اور ریت پر مشتمل ہوتا ہے، جو عام طور پر برف سے جڑے ہوتے ہیں

# Photosynthesis

## پودوں کا سورج کی روشنی میں خوراک بنانا

The process by which a plant uses carbon dioxide from the air, water from the ground, and the energy from the light of the sun to produce its own food and oxygen

یہ وہ عمل ہے جس کے ذریعے پودا ہوا سے کاربن ڈائی آکسائیڈ، زمین سے پانی اور سورج کی روشنی سے حاصل ہونے والی توانائی کو اپنی خوراک اور آکسیجن بنانے کے لیے استعمال کرتا ہے

# Point source (pollution)

واضع ذریعہ آلودگی

Pollution arising from a well-defined origin, such as a discharge from an industrial plant

اس سے مراد واضع ذریعے سے پیدا ہونے والی آلودگی ہے، جیسے صنعتی پلانٹ سے خارج ہونے والا گندا پانی یا کچرا

Pollution:آلودگی

Pollution is an all-encompassing word that describes the production of anthropogenic waste that negatively affects the Earth

تمام انسانی سرگرمیوں کی وجہ سے خارج ہونے والے انسانی اور ماحولیاتی صحت کے لئے مضر عناصر کو آلودگی کہتے ہیں

# Pollution

آلودگی

Pollution is an all-encompassing word that describes the production of anthropogenic waste that negatively affects the Earth

تمام انسانی سرگرمیوں کی وجہ سے خارج ہونے والے انسانی اور ماحولیاتی صحت کے لئے مضر عناصر کو آلودگی کہتے ہیں

# Primary Air Pollutants

## بنیادی فضائی آلودگی

Primary air pollutants include pollutants emitted directly from a source, such as carbon monoxide, halogens, hydrocarbons, sulfur, nitrogen, particulate matter, and mercury. Sources of primary air pollutants encompass all types of combustion activities, including the burning of wood in households, fossil fuel burning in vehicles, and industrial processes

بنیادی فضائی آلودگی سے مراد وہ آلودگی ہے جو براہ راست کسی ماخذ سے خارج ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر، کاربن مونو آکسائیڈ، ہیلوجن، ہائیڈروکاربن، سلفر، نائٹروجن، ذرات اور مرکری۔ بنیادی فضائی آلودگی کے ذرائع میں تمام قسم کی جلانے کی سرگرمیاں شامل ہیں، جیسے گھروں میں لکڑی، گاڑیوں اور صنعتی سرگرمیوں میں فوسل فیول (کوئلہ، تیل، قدرتی گیس) جلانا وغیرہ

# Rainwater harvesting

## بارش کے پانی کی ذخیرہ اندوزی

Rainwater harvesting is the collection and storage of rainwater instead of allowing it to run off. Rainwater is collected from a roof-like surface and redirected to a tank, cistern, deep pit, aquifer, or reservoir with percolation, allowing it to seep down and replenish the groundwater

بارش کے پانی کو بہنے دینے کے بجائے اسے جمع کرنا اور ذخیرہ کرنا رین واٹر harvesting کہلاتا ہے۔ بارش کے پانی کو چھت جیسی سطح سے اکٹھا کیا جاتا ہے اور اسے ٹینک، حوض، گہرے گڑھے یا آبی ذخائر کے ساتھ منسلک کیا جاتا ہے تاکہ یہ زمینی پانی کی سطح کو بحال کر سکے

# Recycling

کوڑے کو دوبارہ استعمال کے قابل بنانے کا عمل

Recycling is the process of converting waste into reusable materials. The term is commonly used for materials such as plastic, glass, and aluminum cans, among others, that can be collected and transformed back into their original products. However, recycling does have its limitations, as most materials can only be recycled a certain number of times

یہ اصطلاح عام طور پر ایسے مواد کے لیے استعمال ہوتی ہے جیسے پلاسٹک، شیشے اور ایلومینیم کے کین وغیرہ جنہیں جمع کر کے دوبارہ اصل مصنوعات میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ تاہم، ان تمام کو صرف ایک خاص تعداد تک ری سائیکل کیا جا سکتا ہے



# Regenerative agriculture

## قدرتی کاشتکاری کا نظام

Regenerative agriculture is a farming approach that.1 focuses on maintaining and restoring soil health while minimizing the negative effects of climate change and water consumption. It aims to rejuvenate and enhance the overall health of an agricultural system, promoting the efficient use of resources and fostering biodiversity

یہ کاشتکاری کا ایک نظام ہے جو مٹی کی صحت کو برقرار رکھتی ہے جبکہ آب و ہوا کی تبدیلی اور پانی کے استعمال دونوں کے منفی اثرات کو کم کرتی ہے۔ اس کا مقصد زمین کی صحت کو بحال کرنا، اس میں موجود کیڑے مکوڑوں کو زندگی بخشنا اور وسائل کے موثر استعمال کا فروغ ہے



# Remediation

کوڑے کو دوبارہ استعمال کے قابل بنانے کا عمل

Specific actions undertaken to deal with the particular problem of environmental quality, such as liming of acidic lakes and rivers to decrease their .ecological damage by balancing their pH

وہ مخصوص اقدامات جو ماحولیاتی مسائل سے نمٹنے کے لیے کیے جاتے ہیں، جیسا کہ ماحولیاتی نقصان کو کم کرنے کے لیے تیزابی جھیلوں اور دریاؤں کی پی ایچ کو متوازن کرنے کے لیے ان میں چونا ڈالنا

# Salinity

## نمکیات

Salinity is the dissolved salt content of a body of water. Salts that include calcium, magnesium, sodium, sulfate, and chloride. Salinity is commonly expressed as Total Dissolved Solids (TDS) in milligrams per liter (mg/L) or parts per million (ppm). A salinity of less than 600 mg/L is regarded as good quality drinking water. 600 to 900 mg/L is regarded as fair quality. 900 to 1200 mg/L is regarded as poor quality greater than 1200 mg/L is regarded as unacceptable

یہ پانی میں نمکیات کی مقدار ہے۔ نمکیات میں کیلشیم، میگنیشیم، سوڈیم، سلفیٹ اور کلورائیڈ شامل ہیں۔ نمکیات کو عام طور پر کل حل شدہ نمک (TDS) کے طور پر ملیگرام فی لیٹر (mg/L) میں ظاہر کیا جاتا ہے۔ 600 mg/L سے کم نمکیات کو اچھے معیار کے پینے کا پانی سمجھا جاتا ہے۔ 600 سے 900 mg/L کو منصفانہ معیار سمجھا جاتا ہے۔ 900 سے 1200 mg/L کو ناقص معیار سمجھا جاتا ہے۔ 1200 mg/L سے زیادہ کو ناقابل قبول سمجھا جاتا ہے



# Sea level rise

سطح سمندر میں اضافہ

Increase in the sea level caused by the melting of glaciers, ice sheets and the thermal expansion of seawater

اس سے مراد glaciers کے پگھلنے، برف کے پگھلنے اور سمندری پانی کی حرارت کے سبب توسیع کی وجہ سے سمندر کی سطح میں اضافہ ہے



# Secondary Air Pollutants

## ثانوی فضائی آلودگی

Secondary air Pollutants are not directly emitted from a source but are formed when primary pollutants react in the atmosphere. For example, smog is formed due to the combination of fog and smoke in the atmosphere. Photochemical smog is a result of the interaction of primary pollutants with other molecules in the air, such as oxides of nitrogen and sulfur, ozone, and hydrocarbons

ثانوی فضائی آلودگی کسی ماخذ سے براہ راست خارج نہیں ہوتی بلکہ فضا میں بنیادی آلودگی کے کیمیائی رد عمل سے بنتی ہے۔ مثال کے طور پر، فضا میں دھند اور دھوئیں کے ملاپ سے سموگ بنتی ہے۔ فوٹو کیمیکل سموگ ہوا میں موجود مالیکیولز جیسے نائٹروجن اور سلفر کے آکسائیڈ، ، اوزون اور ہائیڈرو کاربنز کے بنیادی آلودگی کے ساتھ کیمیائی رد عمل کا نتیجہ ہے

# Smog

سموگ

Fog intensified by smoke or other atmospheric pollutants resulting in a decrease in visibility

دھوئیں یا دیگر ماحولیاتی آلودگیوں سے دھند کی شدت میں اضافہ جس سے آلودگی میں اضافہ ہوتا ہے

# Sulfur oxides, oxides of Sulphur (SOx)

## سلفر کے آکسائیڈ

Covalent compounds of Sulphur and oxygen, $SO_2$ and $SO_3$, formed by the combustion of fossil fuels, are the major precursors of the formation of acid rain and are significant components of particulate matter

سلفر اور آکسیجن کے مرکبات، $SO_2$ اور $SO_3$، جو فوسل ایندھن کو جلانے سے بنتے ہیں، تیزابی بارش اور ہوا میں موجود ذرات کے اہم اجزاء ہیں

# Sustainability

پائیداری یا استحکام

The ability to be maintained at a certain rate or level

ایک خاص شرح یا سطح پر برقرار رکھنے کی صلاحیت کو پائیداری کہا جاتا ہے

Environmental sustainability is defined as responsible interaction with the environment to avoid depletion or degradation of natural resources, allowing for long-term environmental quality.

ماحولیاتی پائیداری کی تعریف ماحول کے ساتھ ذمہ دارانہ تعامل کے طور پر کی جاتی ہے تاکہ قدرتی وسائل کی کمی یا انحطاط سے بچا جا سکے- ماحولیاتی استحکام طویل مدتی ماحولیاتی معیار کو یقینی بناتا ہے۔

Sustainable development: مستحکم ترقی

The development that meets the needs of today's population without jeopardizing the ability of future generations to meet their own needs.

اس سے مراد وہ ترقی ہے جو آج کی آبادی کی ضروریات کو آنے والی نسلوں کی ضروریات کو پورا کرنے کی صلاحیت کو خطرے میں ڈالے بغیر پوری کی جاتی ہیں۔

# Sustainable Architecture

ماحول دوست اور پائیدار فن تعمیر

Also referred to as green architecture, this type of architecture emphasizes environmentally friendly practices that maintain or promote biodiversity while minimizing the effects of climate change. It involves the use of local materials that have a better adaptation to climatic changes and have a lower carbon footprint compared to the cement industry.

اس قسم کا فن تعمیر ماحول دوست معماری پر زور دیتا ہے جو حیاتیاتی تنوع کو برقرار رکھتا ہے یا اسے فروغ دیتا ہے جبکہ ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات کو بھی کم کرتا ہے۔ اس کا مطلب مقامی مواد کا استعمال بھی ہے جو موسمیاتی تبدیلیوں کے ساتھ بہتر موافقت رکھتا ہو اور سیمنٹ کی صنعت کے مقابلے میں کم کاربن فوٹ پرنٹ رکھتا ہے



# Technocentric

## ٹیکنالوجی حل ہے

A value system emphasizing technology being able to control and protect the environment. The technocentric believe that ecological/environmental issues can be solved by narrowing focus on technological development. For example air pollution can be solved by developing low emission vehicles

یہ نقطہ نظر ٹیکنالوجی کو ماحول کی حفاظت کرنے کے قابل بنانے پر زور دیتا ہے۔ ان کا خیال ہے کہ تکنیکی ترقی پر توجہ مرکوز کر کے ماحولیاتی مسائل کو حل کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر کم کاربن اخراج والی گاڑیاں تیار کر کے فضائی آلودگی کو حل کیا جا سکتا ہے



# Toxin

زہریلے عناصر

A hazardous substance that harms the environment or human health

وہ زہریلے عناصر جو ماحول یا انسانی صحت کو نقصان پہنچاتے ہیں

# Urban Forest

## اربن فوریسٹ

An urban forest refers to the collection of trees, vegetation, and green spaces within a city, town, or suburb. It entails planting trees and vegetation in any available space within urban areas to improve the health of the ecosystem and the well-being of the surrounding community. It is also called urban dome in many places because of the dome created over an urban center.

اربن فوریسٹ سے مراد شہر، قصبے یا شہر کے مضافاتی علاقے میں درختوں، پودوں اور سبزہ زاروں کا مجموعہ ہے۔ اس میں قدرتی ماحول اور آس پاس کی کمیونٹی کی فلاح و بہبود کو بہتر بنانے کے لیے شہری علاقوں کے اندر کسی بھی دستیاب جگہ پر درخت اور پودوں کا لگانا شامل ہے۔

# Urban Heat Island (UHI)

اربن ہیٹ آیلنڈ

A phenomenon where urban areas experience significantly higher temperatures compared to the surrounding less urban or rural areas. Urban heat island occurs when natural land cover is replaced by dense concentrations of pavement, buildings, and other surfaces that absorb and retain heat. This results in higher energy costs for activities like air conditioning, increased air pollution levels, and a greater risk of heat-related illnesses and deaths.

وہ حالات جہاں شہری علاقوں میں آس پاس کے کم شہری یا دیہی علاقوں کے مقابلے میں نمایاں طور پر زیادہ درجہ حرارت ہو. جب زمین کی جگہ پکی سڑکیں اور عمارتیں کھڑی ہو اور درخت اور پارکس موجود نا ہو تو یہ زیادہ گرمی جذب کرتی ہیں. اس کے نتیجے میں ائر کنڈیشنگ، فضائی آلودگی کی سطح میں اضافہ، اور گرمی سے متعلق بیماریوں اور اموات کا زیادہ خطرہ ہو سکتا ہے. زیادہ توانایی کے خرچ سے گرین ہاؤس گیس کی مقدار میں مزید اضافہ بھی ہو سکتا ہے



# Urbanization

شہروں کی توسیع

The conversion of green spaces, such as forests or agricultural land, for urban development, such as apartment buildings, schools, hospitals, roads, etc., tends to provide little environmental value, increases resource consumption, and exacerbates issues such as climate change

یہ سبز جگہوں، جیسا کہ جنگلات یا کھیتی باڑی کی زمین کو شہری کی توسیع جیسے اپارٹمنٹ کی عمارتوں، اسکولوں، ہسپتالوں وغیرہ میں تبدیل کرنے کا عمل ہے۔ یہ قدرتی ماحول میں کمی اور انفراسٹرکچر میں اضافہ ہے اور سرمایہ دارانہ معاشرے اور اس کے فروغ اور موسمیاتی تبدیلی جیسے مسائل کو بڑھاتا ہے





# Volatile organic compounds (VOCs)

## ہوا میں اڑ جانے والے مرکب

Volatile organic compounds (VOCs) are a group of chemicals that can vaporize into the air. VOCs are in thousands of daily-use products, including paints

VOCs اڑ جانے والا/ غیر مستحکم organic مرکبات کا ایک گروہ ہے جو ہوا میں بخارات کی شکل میں رہتا ہے۔ VOCs بشمول پینٹ روزانہ استعمال ہونے والی کافی مصنوعات میں پایا جاتا ہے



# Waste Audit

ویسٹ آڈٹ

A structured process utilised to both quantify the amount of waste created and distinguish what type of waste is exactly being generated. This helps individuals and organisation in observing the overall consumption and waste behaviour for proper management of waste and education of individuals

کچرے کی مقدار کا تعین اور اس میں موجود مختلف اقسام کا اندازہ لگانے کی مشق کو ویسٹ آڈٹ کہتے ہیں۔ یہ انفرادی اور اداروں کے کوڑے کے مناسب انتظام اور کچرے میں کمی لانے کے لئے فائدے مند ثابت ہوتا ہے

# Wastewater

گندا پانی

Wastewater is water that has been used in residential or commercial settings and is released as effluent

صنعتوں، گھریلو اور تجارتی یونٹوں وغیرہ سے خارج ہونے والا گندا پانی



# Water Footprint

## واٹر فوٹ پرنٹ/پانی کے استعمال کی پیمائش

A footprint is a mark you leave behind on the Earth when you tread (or walk upon it). In this context, water footprint refers to the amount of water consumed to sustain our daily living and the impact it has on the global water supply

فوٹ پرنٹ ایک ایسا نشان ہے جو آپ زمین پر اس وقت چھوڑ جاتے ہیں جب آپ اس پر چلتے ہیں۔ پانی کا فوٹ پرنٹ، ہماری روزمرہ کی زندگی کی سرگرمیوں کے لیے استعمال ہونے والے پانی کی مقدار اور اس کی وجہ سے عالمی پانی کی فراہمی پر اثر کی عکاسی کرتا ہے



# Water scarcity

## پانی کی کمی

Physical water scarcity occurs when natural water resources are insufficient to meet all demands, including that needed for ecosystems to function effectively. When per capita water availability falls below 1000 $m^3$, the country is a water scarce country. However, when per capita water availability falls below 500 $m^3$, a country experiences an absolute water scarcity

پانی کی کمی اس وقت ہوتی ہے جب قدرتی پانی کے وسائل تمام بنیادی ضروریات کو پورا کرنے اور ماحولیاتی عمل کے لیے ناکافی ہوتے ہیں۔ جب فی کس پانی کی دستیابی 1000 $m^3$ سے نیچے آجاتی ہے تو ملک پانی کی کمی کا شکار ہوتا ہے۔ تاہم، جب فی کس پانی کی دستیابی 500 $m^3$ سے نیچے آجاتی ہے، تو ملک پانی کی مکمل کمی کا سامنا کرتا ہے



# Water vapour

آبی بخارات

Water in the form of a gas resulting from heating water

وہ بھاپ جو پانی کو گرم کرنے سے بنتی ہے (پانی کی گیس کی شکل)



# Watershed

واٹر شیڈ

A watershed is an area of land that drains or 'sheds' water into a specific waterbody. Several smaller channels combine and flow into a larger one

واٹر شیڈ زمین کا ایک ایسا علاقہ ہے جو قدرتی طور پر پانی کے مخصوص ذخائر کی طرف نکاسی کرتا ہے۔ پانی کے کئی چھوٹے ذخائر آپس میں مل کر ایک بڑے ذخیرے میں مل جاتے ہیں

# Weathering

ٹوٹ پھوٹ (چٹانون کی)

The process of wearing down or being worn by long exposure to the atmosphere. e.g. weathering of rock can form soil and release minerals into the environment

اس سے مراد، ماحول سے طویل وقت تک اثر انداز ہونے کے نتیجے میں چیزوں کے کٹاؤ یا بننے کا عمل ہے ۔ مثلاً پہاڑوں اور پتھر کے ماحول سے طویل وقت تک اثر انداز ہونے سے مٹی بنتی ہے اور معدنیات ماحول میں شامل ہوتے ہیں

# Wetland

ویٹ لینڈ

Wetland is a land consisting of marshes or swamps. It basically refers to a saturated land. These lands host flora and fauna of their own and are also important resting points and corridors for migratory birds etc.

ویٹ لینڈ ایک ایسی زمین ہے جہاں پانی سال کے کافی دورانئے کے لئے کھڑا رہتا ہے۔ یہ زمینیں نباتات اور حیوانات کی میزبانی کرتی ہیں اور یہ ہجرت کرنے والے پرندوں وغیرہ کے لیے اہم آرام گاہیں اور راستے بھی ہیں

# Wildlife

جنگلی حیات

Living things and especially mammals, birds, and fishes that are neither human nor domesticated

جاندار خاص طور پر ممالیہ جانور، پرندے اور مچھلیاں جو نہ تو انسان ہیں اور نہ ہی پالتو جانور، ان کو جنگلی حیات کہا جاتا ہے

# Zero-emission

## کوئی اخراج نہیں

No greenhouse gases, such as carbon dioxide or methane, are released regardless of the ongoing activities

تمام سرگرمیوں سے کوئی گرین ہاؤس گیس (جیسے کاربن ڈائی آکسائیڈ) خارج نہیں ہوتی

# The end



